# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو زبان تشکیل وارتقا (9002) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال 1- مختلف ماہرین لسانیات کی تعریفوں کو سامنے رکھتے ہوئے زبان کی ایک جامع تعریف اخذ کریں۔ زبانوں کے خاندان میں اردو کا مقام متعین کریں۔ (20)

سوال 2- فارسی زبان نے اردو پر کس حد تک اثرات مرتب کیے؟ جائزہ لیں۔ (20)

سوال 3- اردو کے قدیم ناموں ہندوی اور ریختہ کا اختصار مگر جامعیت سے احوال بیان کریں۔ (20)

سوال 4- اردو کے آغاز کے ان نظریات کو اختصار سے بیان کریں، جن میں اردو کی پیدائش کسی علاقے سے منسوب کی جاتی ہے۔ (20)

سوال 5- ابتدائی اردو کی ترویج میں شیخ عبدالقدوس گنگوہی کی خدمات کا احاطہ کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال 1- گجرات میں اردو کے ارتقا کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ (20)

سوال 2- تحریک نفاذ اردو اور پاکستان کے زیر عنوان مدلل بحث کیجیے۔ (20)

سوال 3- اردو اور پاکستانی زبانوں کے درمیان لسانی روابط کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال 4- رابطہ زبان کی حیثیت سے اردو کا پاکستان میں کیا کردار ہے؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال 5- عالم تناظر میں اردو کی کیا حیثیت ہے؟ تفصیل تحریر کیجیے۔ (20)